بسم اللہ الرحمن الرحیم

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ

ہر جان موت کا ذائقہ چکھنے والی ہے

ابو الحسن عبد المنان الراسخ

# آخری سفر کی بہتری کے لئے خاص

# اذکار



0300-6686931
Rasikh Rasikh
Abdul Mannan Rasikh

ادارہ کتاب و حکمت فیصل آباد

# بہتر موت اور سوہنی آخرت کیلئے اِقدامات

- اپنے آخری سفر کی تیاری میں رہنا جہاں عقل مندی اور کامیابی ہے وہاں پُرسکون زندگی کا راز بھی اسی میں پوشیدہ ہے کیونکہ سفرِ آخرت سے غافل شخص کبھی بھی حقیقی لذت نہیں پا سکتا۔
- اِس سفر کی تیاری کے لئے ہر قسم کے شرک کو چھوڑ کر توحید کو اختیار کریں اور ہمہ قسم کی بدعات اور رسومات کو ترک کرکے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی سنت کو اپنائیں کیونکہ مشرک اور بدعتی شخص سفرِ آخرت ہی نہیں بلکہ آخرت ہی کو برباد کر لیتا ہے اور اسی طرح سب حق والوں کے حق واپس کر دیں، حرام تو درکنار شُبے والی کمائی سے بھی بچیں، کبھی کسی پر ظلم نہ کریں اور صبح وشام اور رات کے اذکار کو پابندی سے سمجھ کر پڑھیں اور ساتھ ساتھ یہ مندرجہ ذیل اذکار بھی جب دل چاہے بار بار پڑھتے رہیں اس سے جہاں آپ کا خاتمہ ایمان پر ہوگا وہاں جنت الفردوس میں آپ کا مقام بھی اعلیٰ ہوگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

1 رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِينَ [1]

اے اللہ ہم پر صبر انڈیل دے اور ہمیں فرمانبرداری کی حالت میں موت دینا

2 أَنْتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ تَوَفَّنِي مُسْلِمًا
وَأَلْحِقْنِي بِالصَّالِحِينَ [2]

تو ہی دنیا و آخرت میں میرا مددگار ہے، مجھے اسلام کی حالت میں موت دینا اور
مجھے نیک لوگوں کے ساتھ ملا دینا

3 رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّئَاتِنَا وَتَوَفَّنَا
مَعَ الْأَبْرَارِ رَبَّنَا وَآتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلَىٰ رُسُلِكَ وَلَا
تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ [3]

اے ہمارے رب ہمیں، ہمارے گناہ معاف کردے اور ہم سے ہماری برائیاں
مٹا دے اور ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ فوت کرنا، اے ہمارے رب جو آپ
نے اپنے رسولوں کے ذریعے ہم سے وعدے کیے وہ ہمیں عطا کردے اور ہمیں
قیامت والے دن رسوا نہ کرنا بلاشبہ آپ وعدہ کی خلاف ورزی نہیں کرتے

1 اعراف 126 — 2 یوسف 101
3 آل عمران 193-194

4 اللّٰهُمَّ أَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْأُمُوْرِ كُلِّهَا وَأَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْآخِرَةِ 1

اے اللہ تمام معاملات میں ہمارا انجام اچھا کرنا اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے بچانا

5 اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَدْمِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ التَّرَدِّي، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْغَرَقِ، وَالْحَرَقِ، وَالْهَرَمِ 2

اے اللہ! کوئی چیز مجھ پر آگرے یا کسی جگہ سے گر پڑوں اس سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور اسی طرح غرق ہونے سے، جلنے یا از حد بوڑھا ہو جانے سے تیری پناہ میں آتا ہوں

6 اللّٰهُمَّ إِذَا أَرَدْتَ بِعِبَادِكَ فِتْنَةً فَاقْبِضْنِي إِلَيْكَ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ 3

اے اللہ جب تو اپنے بندوں سے آزمائش کا ارادہ کرے تو مجھے اپنی طرف آزمائش میں ڈالے بغیر لے جانا

1 مسند احمد 17628

2 سنن أبي داؤد 1552

3 جامع الترمذی 3233

7 اللّٰهُمَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ وَأَحْيِنَا مُسْلِمِيْنَ وَاَلْحِقْنَا
بِالصَّالِحِيْنَ غَيْرَ خَزَايَا وَلَا مَفْتُوْنِيْنَ 1

اے اللہ ہمیں فرمانبرداری کی حالت میں فوت کرنا اور فرمانبرداری کی حالت
میں زندہ رکھنا اور بغیر کسی ذِلّت اور آزمائش کے نیک لوگوں کے ساتھ ملا دینا

8 اللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ شَهَادَةً فِيْ سَبِيْلِكَ وَاجْعَلْ مَوْتِيْ فِيْ
بَلَدِ رَسُوْلِكَ ﷺ 2

اے اللہ مجھے اپنی راہ میں شہادت عطا کر اور میری موت اپنے
رسول (ﷺ) کے شہر میں کر دے

9 اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ أَنْ أُرَدَّ إِلَيْ أَرْذَلِ الْعُمَرِ 3

اے اللہ میں محتاجی والی ادھیڑ عمر سے تیری پناہ میں آتا ہوں

10 اللّٰهُمَّ اجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ 4

اے اللہ میری موت کو میرے لئے ہر تکلیف سے آرام والی کر دینا

1 الادب المفرد 699
2 صحیح البخاری 1890
3 صحیح البخاری 6390
4 صحیح مسلم 2720

(11) اللّٰهُمَّ أَعِنِّي عَلَىٰ غَمَرَاتِ الْمَوْتِ أَوْ سَكَرَاتِ الْمَوْتِ [1]

اے اللہ موت کی سختیوں اور موت کی بیہوشیوں میں میری مدد کرنا

(12) اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ أَنْ يَّتَخَبَّطَنِي الشَّيْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ وَأَعُوْذُ بِكَ أَنْ أَمُوْتَ فِيْ سَبِيْلِكَ مُدْبِرًا، وَأَعُوْذُ بِكَ أَنْ أَمُوْتَ لَدِيْغًا [2]

اے اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں کہ موت کے وقت شیطان مجھے پاگل بنا دے اور میں تیری پناہ میں آتا ہوں کہ میں پیٹھ پھیر کر مروں اور تیری پناہ میں آتا ہوں کہ ڈس جانے سے مروں

(13) اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ [3]

اے اللہ بلاشبہ میں قبر کے عذاب سے تیری پناہ میں آتا ہوں

(14) اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ

[1] جامع الترمذی 978

[2] سنن أبي داؤد 1552

[3] صحيح البخاری 832

أَوْ عَمَلٍ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْ عَمَلٍ [1]

اے اللہ میں بلاشبہ تجھ سے جنت کا اور جو بات اور کام اس کے قریب کردے اس کا سوال کرتا ہوں اور آگ سے اور جو بات اور کام اس کے قریب کردے اس سے تیری پناہ مانگتا ہوں

15 اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ اَسْئَلُكَ جَنَّةَ الْفِرْدَوْسِ [2]

اے اللہ بلاشبہ میں تجھ سے جنت الفردوس کا سوال کرتا ہوں

16 اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُكَ لَذَّةَ النَّظَرِ إِلٰى وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَالشَّوْقَ إِلٰى لِقَائِكَ [3]

اے اللہ تیرے نہایت کرم والے چہرے کو دیکھنے کی لذت کا اور تیری ملاقات کے شوق کا سوال کرتا ہوں

نوٹ : اپنی وصیت لکھ کر رکھ دیں اور وصیت قرآن وحدیث کے مطابق لکھیں اور اچھا خاتمہ صرف باوضو، کلمہ پڑھتے، فضیلت والی گھڑی یا جگہ پر وفات پانے کا نام نہیں ہے بلکہ صحیح العقیدہ اور باعمل ہونا ضروری ہے

[1] سنن ابن ماجه 3846 [2] سلسلة الأحاديث الصحيحة 2145 [3] سنن النسائی 1305